Urdu

اپنے وکیل کے ساتھ کام کرتے ہوئے

نیچے کچھ تجاویز ہیں جو آپکو اپنے وکیل کے ساتھ مثبت تعلقات قائم رکھنے میں مدد دے سکتی ہیں۔

آپکی پہلی ملاقات سے قبل

- یہ دیکھ لیں کہ ابتدائی مشاورت کا خرچ کیا ہوگا اور اس میں کتنا وقت صرف ہوگا۔
- یہ دیکھ لیں کہ وکیل آپکے قانونی معاملات کے سلسلے میں خصوصی مہارت یا تجربہ رکھتا ہے۔
- ان قانونی معاملات کی تفصیل لکھ لیں کہ کیا ہوا، کب ہوا اور وہاں کون تھا۔
- ان دستاویزات کی نقلیں تیار کر لیں جو آپکے قانونی مسئلے سے متعلق ہیں۔
- وہ سوالات بھی لکھ لیں جو آپ وکیل سے پوچھنا چا ہتے ہیں۔
- وہ نتائج لکھ لیں جو آپ اپنے معاملے میں حاصل کرنا چاہتے ہیں۔
- اگر آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے کوئی مددملے گی تو کسی دوست، رشتے داریا مددگار کا بند و بست کر لیں جوپہلی ملاقات میں آپکے ساتھ جاسکے۔
- اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہے تو اس کا بندوبست کرلیں۔

پہلی ملاقات پر

- خرچ کے بارے میں(یا اگر آپکو مالی مدد کی ضرورت ہو تو، قانونی امداد کے بارےمیں) دریافت کر لیں۔
- آپ کو جو کچھ بھی بتایا جائے اسے قلمبند کر لیں۔
- اپنے تیار کئے ہوئے نوٹس اور آپ نے جو کاپیاں تیار کی ہوں وہ وکیل کو دیدیں۔
- آپکے وکیل نے آپ سے جو سوال پوچھے ہوں ان کا واضح جواب دیں۔
- اگر کوئی بات آپکی سمجھ میں نہ آئے یا آپ یہ جاننا چاہتے ہوں کہ آپ کو کیا کرنا ہے تو وکیل سے پوچھ لیں۔
- اگر کسی قانونی اصطلاح کا مطلب آپکی سمجھ میں نہ آئے تو آپ وکیل سے دریافت کرلیں۔
- وکیل سے دریافت کریں کہ آپ کے قانونی مسئلے کے حل کیلئے کیا کیا متبادل موجود ہیں
- آپ کو اپنی ذاتی حفاظت کے بارے میں کوئی تشویش ہو تو وکیل کو بتائیں۔
- وکیل سے دریافت کریں کہ آئندہ کیا ہوگا اور آپ کے قانونی مسئلے کے حل میں کتنا وقت لگ سکتا ہے۔

ہمیشہ ذہن میں رکھنے والے امور

- آپ کا وکیل آپ سے جو کچھ بھی کہے اسے لکھ کر رکھ لیں۔
- آپ نے جو بھی لکھ کر رکھا ہے اسے وکیل کی طرف سے ملنے والے خطوط اور دوسری دستاویزات کے ساتھ ایک فائل یا فولڈر میں رکھ لیں
- اگر آپکی ذاتی تفاصیل میں کوئی تبدیلی ہوئی ہو تو وکیل کو بتائیں۔
- اگر آپ کی سمجھ میں نہ آئے کہ کیا ہوا ہے اور آئندہ کیا ہونے والا ہے تواپنے وکیل سے سوال پوچھیں۔
- وکیل سے دریافت کریں کہ آپ کے قانونی مسئلے پر عدالت جانے کے بجائے "تصفیہ" کرلینے کا کیا مطلب ہے (اور ساتھ ھی خرچ کے بارے میں اس کا کیا مطلب ہو گا)۔
- وکیل سے دریافت کرلیں کہ کیا اصل تخمینے کے مقابلے میں اخراجات بڑھ جائیں گے۔

اگر آپکا وکیل کے ساتھ کوئی مسئلہ ہے

- اپنے وکیل یا وکیل کے مینیجنگ پارٹنر (Managing Partner) کو اپنی تشویش سے آگاہ کریں
- وکیل تبدیل کر لیں (خیال رکھیں کہ وکیل اپنی فیس یا اخراجات کی ادائیگی تک آپ کی فائل اپنے پاس رکھ سکتا ہے)
- اگر آپ مسئلہ طے نہ کرسکیں تولیگل سروسیز کمشنر سے رابطہ کریں جو وکٹوریہ میں وکیلوں کے بارےمیں شکایات کے منصفانہ، آزاد اورموثر حل کیلئے واحد راستہ ہے۔

مزید معلومات؟

Victorian Legal Services Board + Commissioner
Level 5, 555 Bourke Street
Melbourne VIC 3000

ٹیلیفون 1300 796 344 (وکٹوریہ کے اندر مقامی کال)
ٹیلیفون 03 9679 8001
فیکس 03 9679 8101

www.lsbc.vic.gov.au

ٹیلیفون کے ذریعے ترجمان کی خدمات دستیاب ہیں